22200-الرحمن اوررالرحیم میں فرق

سوال

الرحمن اورالرحیم میں فرق کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الرحمن اورالرحیم اللہ تعالی کے اسماء میں سے دو اسم ہیں جوکہ اللہ کی صفت رحمت پر دلالت کرتے ہیں ۔

الرحمن اللہ تعالی کی وسعت رحمت اورالرحیم اس رحمت کو مخلوق تک پہنچانے پر دلالت کرتا ہے ، توالرحمن وسعت رحمت والااورالرحیم پہنچانے والا ۔

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے کہ :

(الرحمن وسعت رحمت والا ہے ؛اس لئے کہ عربی میں فعلان کا وزن وسعت اورامتلاء پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ قول ہے ، رجل غضبان ،کہ جب اس میں غصہ بھر جائے تواسے غصہ سے بھرا ہوا آدمی کہتے ہیں ۔

الرحیم : ایسا اسم ہے جوکہ فعل پر دلالت کرتا ہے ، کیونکہ یہ فعیل بمعنی فاعل ہے ، جوکہ فعل پر دلالت کرتا ہے ، توالرحمن اورالرحیم میں جمع ہوگئے ، اورالرحمن سے یہ اخذ ہوتا ہے کہ وہ وسعت رحمت والا ہے اورالرحیم سے یہ اخذ کیا جاتا ہے کہ وہ اس رحمت کو مخلوق تک پہنچانے والا ہے ۔

اور بعض نے یہ کہا ہے کہ الرحمن میں رحمت عامہ اورالرحیم میں رحمت خاصہ جوکہ مومنوں کے ساتھ خاص ہے ، لیکن جو ہم نے ذکر کیا ہے وہ ہی اولی ہے) انتہی ۔

دیکھیں شرح عقیدہ الواشطیۃ (22/1)

واللہ تعالی اعلم

.